13اپریل2022ء

ہفتے میں چھ دن کام اور نظر ثانی شدہ اوقات

وفاقی حکومت کے فیصلے کے مطابق بینک دولت پاکستان (ایس بی پی) ہفتے میں چھ دن کام کے لیے کھلا رہے گا، اور رمضان المبارک کے مہینے میں دفتر کے درج ذیل اوقات ہوں گے، جن پر تمام بینک، ترقیاتی مالی ادارے (ڈی ایف آئیز) اور مائیکرو فنانس بینک بھی عملدرآمد کریں گے۔

دفتر کے **اوقات پیر تا جمعرات اور ہفتے کو صبح 8 بجے تا دوپہر 3 بجے ہوں گے**، جس میں دوپہر 1 بجے تا 1 بج کر 30 منٹ تک وقفہ برائے نماز ہو گا، جبکہ **جمعے کے دن دفتر کے اوقات کسی وقفے کے بغیر صبح 8 بجے تا دوپہر 1 ایک بجے تک** ہوں گے۔

بینکوں / مائیکرو فنانس بینکوں کو مزید ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ عوام سے لین دین کے لیے درج ذیل کم از کم کاروباری (بینکاری) اوقات پر عملدرآمد کریں:

پیر تا جمعرات اور ہفتہ کے دن صبح 8 بجے تا دوپہر 1 بجے نماز کے وقفے کے بغیر، جبکہ **جمعہ کے دن دفتر کے اوقات کسی وقفے کے بغیر صبح 8 بجے تا دوپہر 12 بجے تک** ہوں گے۔

*****